© rasailojaraid.com



عالم خوند میری

# سرسید سے اقبال تک ذہنی سفر

## دانش وری کی روایت

انیسویں صدی کے دوسرے نصف حصہ میں اسلامی ہند میں ابھرنے والی جدیدیت کی تحریک کا بنیادی اور اہم وصف اس کی جامعیت تھا جو انسان کی انفرادی اور اجتماعی زندگی کے تقریباً تمام شعبوں پر محیط تھی۔ اس تحریک نے تعلیم، سیاست، قانون، عقل اور فکری آزادی، انسان کی باطنی اور روحانی زندگی، انسان اور خدا کے ربط اور انسان اور انسان کے ربط، ان تمام عناصر کو اپنے اندر سمیٹ لیا۔ اس وجہ سے اس دور کے فکری اور عملی مباحث، تیسری اور چوتھی صدی کی اسلامی دنیا کے مباحث کی یاد دلاتے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ اس تحریک کے علمبرداروں میں ہمیں الفارابی، ابن سینا، ابن مسکویہ، نظام، جاحظ، ابن رشد کی سی بلند شخصیتیں نظر نہیں آتیں، جن کے افکار اور جن کے طرز فکر میں مجموعی انسانی تہذیب کو متاثر کرنے کی طاقت اور صلاحیت تھی۔ لیکن اس امر میں بھی شبہ کی گنجائش نہیں کہ اس دور کے اسلامی اہل فکر نے "ہندوستانی اسلام" کو ذہنی اور تہذیبی حیثیت سے ایک خود مختار (autonomous) درجہ عطا کیا۔ جہاں انہوں نے اسلام کی عالمگیر حیثیت کو برقرار رکھا، وہیں انہوں نے اپنی فکر کو ان خاص تقاضوں سے مربوط بھی کیا جن سے اس دور میں اسلامی ہند دوچار تھا۔ آفاقیت اور عالمگیری محض ایک نعرہ یا مجرد تصور بن جاتے ہیں، اگر یہ مخصوص زمانی، مکانی اور تاریخی تقاضوں سے بے نیاز ہو جائیں۔ ایسی ابدیت جس کا زمانہ کے بہاؤ سے ربط نہ ہو، عدم محض کے قریب تر پہنچ جاتی ہے۔ زمانے سے ربط ہی ابدیت کو معنی اور مفہوم عطا کرتا ہے۔ ابدیت، زمانے اور تاریخ ہی میں اپنا اظہار کرتی ہے اور اسی اظہار میں، زمانہ وجود کی ایک شان اور اس کا ایک مظہر بن جاتا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے۔ ابدیت کا ادراک' انہی لمحوں میں ہوتا ہے' جب یہ زمانے کو کاٹتا ہوا گزرتا ہے' ابد اور زمانی نظام' ایک دوسرے سے بے تعلق نہیں رہتے' یہ ہمیشہ ایک دوسرے پر اثر انداز ہوتے ہیں' لیکن ہمارا ادراک اس اتصال اور تقاطع کو پہچانتا نہیں اور اسی لیے ہمارا شعور یا تو ابد کی ایک سیر میں محو ہو جاتا اور زمانے سے بے نیاز ہو جاتا ہے یا پھر گردش ایام میں اسیر ہو جاتا ہے اور اعلیٰ ترین اقدار اور مقاصد سے کنارہ کش ہو جاتا ہے۔ یہ دونوں احوال بہرحال محرومی پر ختم ہوتے ہیں' ہرچند کہ محرومی کے انداز مختلف ہوتے ہیں۔

ابد اور زمانے کے گہرے ربط کا شعور ہی زمانے کے ادوار' ماضی' حال اور مستقبل کو معنویت عطا کرتا ہے۔ اگر یہ شعور ایک طرف ان ادوار کو باہم دگر متحد اور مربوط کرتا ہے تو دوسری طرف ایک ایسے ماورائے زمانے کے بہاؤ کو مربوط کرتا ہے جن سے زمانہ باہر نہیں ہوتا بلکہ جو زمانے کی رفتار کا ایک اعتبار سے منبع اور سرچشمہ ہوتا ہے۔ جس لمحے زمانے کا ادراک ابد کے شعور سے اپنا رشتہ جوڑ لیتا ہے' انسان اپنے وجود کو کائناتی جبر میں گرفتار محسوس کرتا ہے اور اس طرح جب ابد کا عرفان زمانے کے ادراک پر محیط نہیں ہوتا' آزادی کا ادراک لمحاتی ہو جاتا ہے اور تاریخ کے structure سے نہ صرف بے تعلق ہو جاتا ہے بلکہ تاریخ پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت بھی کھو دیتا ہے۔ یہاں اس امر کا ذکر ضروری ہے کہ زمانے کے ادراک اور ابد کے شعور کا کامل ربط (یا مشہور شاعر ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ کے الفاظ میں ان دونوں کے تقاطع کے عرفان کا منصب) صرف انبیأ ہی کی شخصیت میں ظاہر ہوتا ہے اور اسی لیے انبیأ کی زندگی ابد کی سیر اور زمانے پر فتح کی عبارت بن جاتی ہے۔ انبیأ کے اس اسوہ پر عمل کرنے کا اعلیٰ مفہوم یہی ہو گا کہ انسان' اس صلاحیت کو حاصل کرنے کی کوشش کرے۔

اس تمہید کا مقصد اس سوال پر غور کرنا ہے کہ وہ کونسی چیز ہے جو کسی تحریک کو باطنی طور پر ''اسلامی'' کا وصف عطا کرتی ہے۔ اس لیے کہ اس تحریک کا ''اسلامی'' ہونا ایک نصب العین ہے جو پوری طرح امر واقعہ نہیں بنتا۔ یہیں شخصی زندگی' اجتماعی نصب العین سے الگ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہو جاتی ہے' اور تحریک کا معیار وہ مقاصد بن جاتے ہیں' جن کی تکمیل اور جن کا حصول تحریک کا مدعا ہوتے ہیں۔

انیسویں صدی کی جدیدیت کی تحریک مجموعی طور پر ان مقاصد کے حصول پر مشتمل تھی جو اسلامی ہند کے معاشرے کو ایک نئی فکری سمت اور روایت عطا کر سکتے ہیں' اسی لیے اس تحریک نے روایت زدہ اور ماضی اسیر ماحول میں ایک تلاطم پیدا کر دیا اور اس کے مخالف اور حامی ایک دوسرے کے مقابل صف آرا ہو گئے۔ ہر چند کہ اس تحریک نے زندگی کے تمام شعبوں کو متحرک کیا لیکن اس کی باطنی خصوصیت اس کا وہ جوش حیات اور وفور شوق تھا جس نے فکری اور روحانی زندگی کے مسائل کو اپنے ہم عصروں کے سامنے ایک پرجوش طریقہ پر پیش کیا۔ فکری مسائل ایک عرصہ سے خوابیدگی کا شکار تھے۔ روایت کی طاقت نے نمو اور ارتقاءٗ کے میلانات کو تقریباً بے اثر کر دیا تھا۔ فکری اور روحانی اقدار کو اولیت دینے کا رجحان' اس نئی عصری روایت کا آفریدہ تھا کہ انسانی ذہن ہی میں ترقی اور تبدیلی کا مرکز ہے۔ یہ اٹھارویں اور انیسویں صدی کا غالب رجحان تھا۔ ارتقاءٗ کے ہمہ گیر نظریوں نے انسانی ذہن کو ایک نئی طاقت عطا کر دی تھی۔ اس عصری رجحان کے مطابق' تصورات کی کشمکش ہی میں نئی دنیا اور نئے انسان کی تخلیق کی طاقت پنہاں تھی۔ انیسویں صدی کے آخر میں' کارل مارکس نے ایک "نئی قدر" کی دریافت کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بیسویں صدی میں سماجی' معاشی انقلاب کو ذہنی اور فکری انقلاب کی اصلی علت قرار دیا گیا۔ لیکن جس دور کا یہاں ذکر ہے' وہ ابھی تک مارکس کے اس نقطۂ نظر سے آشنا نہ تھا۔ یورپ کے صنعتی اور سیاسی انقلاب ہی اس کا مطمح نظر تھے۔ جملہ معترضہ کے طور پر اس مقام پر اس جانب اشارہ بے محل نہیں کہ فکری تاریخ کی periodicity میں' ذہنی انقلاب اور تبدیلی کا تصور بہرحال معاشی اور سماجی انقلاب پر تقدم رکھتا ہے۔ اسی لیے فکری اور ذہنی انقلاب کی تحریک تہذیب کی تاریخ میں' انسانی شعور کو آنے والے دور کے عظیم تر اور عمیق تر انقلابات کے لیے تیار کرتی ہے۔ انسانی شعور وہ نقطۂ منور ہے جو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ایک طرف تو پیچھے کی طرف یا ماضی کا عرفان حاصل کرتا ہے تو آگے کی طرف مستقبل کے امکانات کا فکری اور روحانی سطح پر احاطہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ شعور کی اسی مجموعی حرکت کا نام تاریخی شعور ہے۔

یہی تاریخی شعور' جدیدیت کی اس اہم تحریک کا اہم عنصر تھا۔ اگر اس تاریخی شعور کا عمل مسلسل اور متواتر رہتا تو اسلامی ہند کی تاریخ آج شاید مختلف ہوتی۔ لیکن یہ تاریخی المیہ ہے کہ اس شعور نے بالآخر روایت کے آگے ہتھیار ڈال دیئے اور تجربے اور روایت کی کشمکش میں روایت نے تجربے کو مات دے دی۔

یہ طے کرنا مشکل ہے کہ آیا اس شکست میں تاریخی جبریت کا عنصر کارفرما تھا اور یہ بحث فکری سفر سے متعلق ہے۔ اسی لیے اس شکست کو ایک امر واقعہ کے طور پر قبول کیا جا سکتا ہے اور اسباب کے مسئلہ کو کسی دوسرے موقع کے لیے اٹھا رکھا جا سکتا ہے۔

جدیدیت کی اس تحریک کا' جس کا آغاز سرسید احمد سے ہوا' ایک اہم بلکہ غالب پیش مفروضہ presupposition یہ تھا کہ اسلام یعنی کتاب اور پیغمبر اسلام کی زندگی صداقت یا truth کا ازلی اور ابدی سرچشمہ ہیں اور انہی sources کی روشنی میں اور ان کی نئی تعبیر ہی سے ذہنی اور فکری تبدیلی پیدا کی جا سکتی ہے۔ سرسید اس عالمی رجحان سے پوری طرح متاثر اور متفق تھے کہ انسان تبدیل پذیر ہے اور انسانی موقف کو بدلا جا سکتا ہے۔ لیکن یہ تبدیلی اس طرح ہونی چاہیے کہ تاریخی تشخص یا historical identity برقرار رہے۔ ان کے وہ ہم عصر' جو ان سے متفق نہ تھے' شاید ان سے تعارض نہ کرتے۔ اگر ان کی بات صرف اس حد تک مجردات کی سطح پر رہتی۔ لیکن انہوں نے تاریخی تشخص کا ایک ایسا مفہوم پیش کیا جو روایت سے نہ صرف یہ کہ مختلف تھا بلکہ ٹکراؤ بھی رکھتا تھا۔ تاریخی تشخص کا ایک طریقہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حال اور ماضی کے فرق اور اختلاف کو نظر انداز کر دیا جائے اور یہ فرض کر لیا جائے کہ ماضی اور حال کا تعلق' ابد کے لمحات کا ہے یعنی کیفیت اور کمیّت میں' یہ ایک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دوسرے سے منفرد نہیں ہیں۔ سرسید نے تشخص کی اس تعبیر کو رد کر دیا۔ اس کے برخلاف، انہوں نے تاریخی identity کو مقاصد، اقدار اور نصب العین کی identity کے مترادف قرار دیا، جن کے اظہارات مختلف تاریخی ادوار میں مختلف انداز سے ہوتے ہیں۔ یعنی یہ مقاصد اور اقدار، جن افکار اور جن ادارات کے توسط سے اپنے اظہارات کرتے ہیں، وہ مقاصد کے مقابلے میں صرف ثانوی اہمیت رکھتے ہیں اور اسی لیے تاریخی identity ان ادارات اور افکار کے تحفظ پر منحصر نہیں رہتی۔ identity یا تشخص کا اصول ایک ایسی کائنات میں کارفرما ہے جس کا اصول تبدیلی اور تغیر ہے اور اسی لیے تاریخی عمل میں identity کا ادراک تغیر اور تبدیلی ہی کے وسیلے یا medium میں ممکن ہے یعنی یہ کہ identity کا تصور ایک جدلیاتی یا dialectical نوعیت رکھتا ہے۔ یقیناً اس identity کا ایک موضوعاتی یا subjective پہلو بھی ہے۔ لیکن اس موضوعی پہلو کی تعین اور تقدیر تہذیبی عمل یا cultural process کے دوران ہی ہوتی ہے۔ اس طرح تہذیب بھی "وجود" کی ایک شان یا ایک mode کے طور پر اپنے آپ کو پیش کرتی ہے اور یہی اس کا وجودیاتی رخ ontological aspect ہے۔ سرسید احمد تہذیب کے اس پہلو کا شعور رکھتے تھے۔ اور یہی وجہ تھی کہ انہوں نے اسلامی ہند میں شاید پہلی بار تہذیبی کثرتیت یا cultural pluralism کا اعتراف کیا۔ مذاہب کے تقابلی مطالعہ کی جانب، ان کا رجحان ان کے اساسی اکثریتی نقطۂ نظر کا اظہار تھا۔ اسلام کا تاریخی مطالعہ ایک بالکل نیا رجحان نہیں تھا۔ اسلام کے دور عروج میں شہرستانی، ابن حزم اور البیرونی نے اس کی بنیاد رکھی تھی لیکن تہذیبی موضوعیت کا جو انیسویں صدی کی پیداوار ہے، پر تو، ہمیں پہلی بار سرسید کی تحریروں میں نظر آتا ہے۔ اسی تقابلی مطالعہ کا نتیجہ تھا کہ سرسید نے اسلام اور عصری عالمی کلچر کے ربط کے اہم سوال کو جذبات سے عاری ایک سائنٹفک انداز میں پیش کیا۔ اس بات کو یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ اسی اہم سوال نے ہی انہیں مذاہب کے تقابلی مطالعہ پر ابھارا۔ سبب کچھ ہی ہو، انہوں نے دو امور کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



درمیان ربط کو محسوس کیا۔ یہ مسئلہ آج بھی ہندوستانی اسلامی ذہن کے لیے الجھن کا باعث ہے کہ اسلام کلی عالمی کلچر سے نہ صرف یہ کہ بے نیاز نہیں رہ سکتا بلکہ ایک زندہ اور نمو پذیر مذہب کی حیثیت سے اس کے لیے اس عالمی کلچر سے تطابق کی کوشش بھی ضروری ہے۔ یہ صحیح ہے کہ انسان بہ یک وقت کئی دنیاؤں میں رہ سکتا ہے' لیکن یہ ضروری ہے کہ ان مختلف دنیاؤں کے درمیان ایک ایسا اندرونی ربط بھی قائم کیا جائے کہ یہ مختلف دنیاؤں میں اپنی انفرادیت کو برقرار رکھتے ہوئے ایک دوسرے سے منسلک رہیں اور انسانی ذہن اپنی وحدت کو منقسم کیے بغیر ان مختلف دنیاؤں میں سفر کرنے کے قابل رہے۔ یقیناً سائنس' مذہب اور سیاست کے عوالم مختلف ہیں' اور ان کی نوعیتیں بھی جداگانہ ہیں۔ لیکن یہ بھی ایک واقعہ ہے کہ زندگی کی منطق کچھ ایسی ہے کہ ایک ہی انسان کو بہ یک وقت ان مختلف عوالم میں زندگی بسر کرنا ہوتی ہے۔ اگر ان دنیاؤں کے درمیان رابطہ ٹوٹ جائے تو پھر انسانی زندگی ایک شعور الم آمیز کا شکار ہو جاتی ہے اور انسان کی مذہبی فکری تاریخ بھی اس امر کی گواہ ہے کہ اکثر ان مختلف عوالم کے درمیان ربط قائم کرنے کی کوشش میں انسانی فکر ایک عظیم سانحہ سے دوچار ہوتی ہے۔ یہ سانحہ اس وقت ظہور میں آتا ہے جب ربط کی تلاش میں کسی ایک عالم کو مختلف عوالم پر تسلط قائم کرنے کی اجازت دے دی جاتی ہے۔ علمائے دین' سائنس اور سیاست پر مذہب کو مسلط کر دیتے ہیں تو سائنس کے شیدائی مذہب اور سیاست پر سائنسی طرز فکر کو حاوی بنا دیتے ہیں۔ اور سیاست دان مذہب اور سائنس کو عارضی سیاسی ضرورتوں کا تابع کر دیتے ہیں' ان تینوں صورتوں میں ایک استبدادی اور آمرانہ صورت حال پیدا ہو جاتی ہے۔

یہی رجحانات ہیں جو ازمنہ وسطیٰ میں مذہبی آمریت کا سبب بنے اور دور جدید میں سائنسی اور سیاسی آمریت کے لیے جواز فراہم کرتے ہیں۔ سرسید نے اسلام کی فکری تاریخ میں شاید پہلی بار اس ذہنی تسلط کے خطرناک نتائج کا ادراک کیا اور یہی ادراک ان کی جدیدیت یا modernity کی بنیاد بن جاتا ہے۔ انہیں قرون وسطیٰ کے مکتبی دینیاتی ذہن کو قرب سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دیکھنے کا موقع ملا تھا--- بلکہ انہوں نے اسی scholastic theologian روایت میں تربیت حاصل کی تھی۔ لیکن ۱۸۵۷ کے بعد ہندوستانی معاشرہ میں جو انقلاب آیا' اس نے ان کے ذہن پر ایک مجموعی اور کلی تہذیبی اثر مرتب کیا۔ اس لحاظ سے سرسید ان پہلے ہندوستانیوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے اس تبدیلی کے ہمہ گیر اور دور رس نتائج کا ادراک کیا اور ایک اثباتی ردعمل کے لیے اپنے ذہن کو تیار کیا۔ اقبال نے ٹھیک کہا ہے:

> ''غالباً سرسید احمد خاں دور جدید کے وہ پہلے مسلمان ہیں'
> جنہوں نے آنے والے زمانے کے ایجابی مزاج کی جھلک دیکھ لی تھی۔
> لیکن ان کی حقیقی عظمت اس میں ہے کہ وہ پہلے ہندوستانی مسلمان ہیں'
> جنہوں نے اسلام کی نئی تعبیر کی ضرورت کو محسوس کیا اور اس کے لیے
> سعی کی۔''

اقبال کے اس بیان کے پہلے جزو کے بارے میں میرا خیال یہ ہے کہ سرسید نے آنے والے زمانے کے ایجابی مزاج کی صرف ایک جھلک ہی نہیں دیکھی تھی بلکہ انہوں نے اس مزاج کے بے پناہ امکانات کا پورا پورا اندازہ کر لیا تھا۔ یہیں سے اسلامی ہند کی فکر دو مخالف سمتوں میں بٹ جاتی ہے۔ ایک تو مزاحمت کا راستہ ہے جسے علمائے عصر نے اپنایا اور جس کی کمال یافتہ شکلیں دارالعلوم دیوبند اور ندوۃ العلمائ ہیں۔ دوسرا راستہ سرسید کا تھا' جسے ہم تشکیل جدید اور تعمیر نو کے راستے کا نام دے سکتے ہیں۔ بعد کو شبلی نعمانی نے ایک درمیانی راستہ نکالنے کی کوشش کی جس کو ہم مصالحت کا راستہ کہہ سکتے ہیں۔ مصالحت کا یہی تصور تھا جو ندوۃ العلمائ کی تشکیل میں شبلی کا راہ نما بنا۔ لیکن بالآخر اس درمیانی راستے کا وہی حشر ہوا جو عام طور پر درمیانی راستوں کا ہوتا ہے۔ اس کی ابتدا ماضی کی دریافت اور پھر ماضی کے بارے میں فخر سے ہوئی جس نے بہت جلد اعتذار کا راستہ اختیار کر لیا۔ اور بالآخر ندوہ اور دیوبند کے راستے اور ان کی منزلیں ایک ہو گئیں۔ دونوں مختلف انداز میں مزاحمت کے راستے پر چل پڑے۔ مولانا ابوالحسن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

علی ندوی کی تصنیف "ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمین" (قاہرہ ۱۹۵۱ء) اسی مزاحمت کی مکمل اور نسبتاً سنجیدہ تر تصویر پیش کرتی ہے۔ سرسید اور علماء دونوں کے پیش مفروضے یکساں تھے۔ یعنی یہ کہ انسانی ذہن ہی انسانی تبدیلی میں فیصلہ کن حیثیت رکھتا ہے۔ ایک نے جدید یونیورسٹی کے تصور کو اپنایا تو دوسرے نے قدیم درس گاہ کے نمونے میں مراجعت تلاش کی۔ اسی لیے ایک کی منزل مستقبل کی سمت میں تھی تو دوسرے گروہ کی ماضی کی جانب۔

سرسید اپنی تصنیف "تفسیر القرآن" کے دیباچہ "تحریر فی اصول تفسیر" میں اپنے motif یا مدعا کو صاف الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔ وہ اپنے دور کے چیلنج کا ذکر کرتے ہیں اور پھر اپنی اس خواہش کا اظہار کرتے ہیں:

"جس طرح اگلوں نے مذہب کی حمایت کی، فلسفہ یونانی کا مقابلہ کیا اور یا تو مسائل مذہبی کو فلسفہ یونان کے مطابق کر دکھایا یا ان دلائل کو غلط کر دیا یا مشتبہ، اسی طرح آج جدید حکمت اور فلسفہ کے چیلنج کا مقابلہ کرنا ہے۔ سرسید پرانی تطبیق کی ناکامی سے واقف ہیں۔ کیونکہ فلسفہ اور طبیعیات یونانی بھی جن کی بنا پر اس زمانے کے علماء نے بہت سے مذہبی مسائل قائم کیے تھے، علوم جدیدہ سے غلط ثابت ہوئے ہیں اور علوم جدیدہ کے دلائل صرف قیاسی اور فرضی نہیں رہے بلکہ تجربے اور عمل نے ان کو درجہ مشاہدہ تک پہنچا دیا ہے۔"

جدید سائنس اور حکمت کے اس امتیازی وصف کے بارے میں ان کے پختہ ادراک نے انہیں قرون وسطیٰ میں اسلام کے سب سے بڑے عقلیت پسند مفکر ابن رشد کے دو صداقتوں کے راستے کو اپنانے سے بچالیا۔ ابن رشد عقل کی روشنی سے عامتہ الناس کو اس لیے محفوظ یا محروم رکھنا چاہتا تھا کہ وحی کی علامتی صداقت، اس کے نزدیک ان کے لیے کافی تھی۔ ابن رشد کے اس اشرافی یا aristocratic نقطۂ نگاہ کا محرک اسی کا اپنا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

social apriori تھا کہ خواص یا elite اور عوام میں فاصلہ ہمیشہ معین اور مستقل رہتا ہے۔ لیکن سرسید کو زمانے کی تبدیلی اور جمہوری رو کا ادراک تھا۔ سورۂ الاعراف کی تفسیر کے ضمن میں ایک مقام پر وہ اشارہ کرتے ہیں 'علم و حکمت کی فراوانی اور عام لوگوں تک ان کی رسائی نے ایک اہم تبدیلی پیدا کر دی ہے' اس کا مطلب دوسرے لفظوں میں یہ ہے کہ اب خواص اور عوام کے درمیان فاصلہ معین اور مستقل نہیں رہا اور اسی لیے اس تغیر پذیر فعل یا fluctuating gap نے مذہبی موقف کو بھی تبدیل کر دیا ہے۔ اب شکوک و شبہات تیزی کے ساتھ ایک ذہن سے دوسرے ذہن تک سفر کرتے ہیں۔ اور یہ ضروری نہیں رہا کہ یہ سفر دانستہ اور شعوری سطح ہی پر رہے۔ یعنی سائنٹفک مزاج' اب عالمی انسانی کلچر کا ایک جزو بن رہا ہے۔ اور اسی لیے علامات کی تعبیر مزید علامتوں کے ذریعہ نہیں ہونی چاہیے بلکہ ان علامتوں کی تعبیر جن کے ذریعہ مذہبی ذہن حقائق کا ادراک کرتا ہے۔ معروضی اور معقولی زبان میں پیش کی جانی چاہیے۔ اس حقیقت کا ادراک کہ مذہب یا وحی کی زبان علامتی یا symbolic ہے' پہلے ہی دور کے فلسفیوں' ابن سینا اور الفارابی نے کر لیا تھا۔ لیکن انہوں نے مذہب اور حکمت یا وحی اور عقل کے ربط کو اسی علامتی سطح پر باقی رکھنے کی کوشش کی' جس کا نتیجہ تاویل کی فراوانی کی صورت میں نمودار ہوا۔ یہ راستہ فلسفیوں' باطنیوں اور اخوان الصفا کے مصنفوں کا تھا۔ اس کا ایک اثر یہ ہوا کہ اس علامتی زبان کی بنیاد پر ایک سرّی نظام occult system یا قریب قریب ایک مائتھالوجی کی عمارت کھڑی ہو گئی۔ اسلام کی دینیاتی تاریخ میں دو راستوں سے مائتھالوجی کی تعمیر اور تشکیل ہوئی۔ ایک راستہ اہل باطن کا تھا جنہوں نے ظاہری exotric اور باطنی esotric کے فرق کو اس طرح پاسداری عطا کر دی کہ باطن کا ایک ظاہر اور ہر ظاہر کا ایک باطن قرار پایا اور اسی لیے ہر ظاہر کے ایک باطنی معنی ضرور قرار دیئے گئے۔ دوسرا راستہ جس سے مائتھالوجی کی تشکیل ہوئی' وہ ایسے اہل روایت کا تھا جنہوں نے روایت کو folk religion کی نوعیت عطا کی اور قرآن کی تفسیر میں اور تعبیر میں نہ صرف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

احادیث کے ادب کو بغیر کسی امتحان کے قبول کر لیا بلکہ قدیم اساطیری خرافات کو بھی ایک ماخذ تسلیم کر لیا۔ اہل باطن نے جس سری نظام کی تعمیر کی تھی' وہ ایک منتخب گروہ یا elective elite تک محدود رہا اور رفتہ رفتہ متصوفانہ ادب میں جگہ پانے لگا اور ظاہر ہے کہ یہ بھی elite ہی کا سرمایہ رہا۔ لیکن اہل روایت نے جس مائتھالوجی کی تعمیر کی تھی' اس نے بہت جلد عمومی مذہب کی صورت اختیار کر لی۔ اسلامی دینیاتی ادب کا گہرا مطالعہ اس امر کا ثبوت فراہم کرتا ہے کہ ان دونوں مکاتب میں ایک عجیب انداز سے لین دین شروع ہو گیا۔ ابن تیمیہ جیسے محتاط اور فعال مذہبی عالم کی کوششیں بھی اس سرمایہ کو دھکا نہیں پہنچا سکیں۔ سرسید کی تفسیر اور ان کی اہم مذہبی تصنیف الخطبات الاحمدیہ کے مطالعہ سے ان کے ایک غالب جذبہ یا passion کا اظہار ہوتا ہے اور وہ یہ کہ اسلام کو demythologize کیا جائے یا اسلام میں نفی خرافات کی جائے۔ نفی خرافات یا demythologization کا یہ عمل سائنسی نقطۂ نظر کا مذہب کے مطالعہ میں ایک موزوں اظہار ہے۔ اس سے ایک طرف تو یہ صحیفہ آسمانی صداقت کا سرچشمہ برقرار رہتا ہے لیکن صداقت کسی myth کی محتاج نہیں رہتی تو دوسری طرف یہ فرض کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی کہ ابدی صداقت' اپنے اظہار کے لیے خرافات کے لبادہ کو اختیار کرنے پر پابند ہے۔ اس عمل میں انہوں نے اپنی تفسیر میں دو اہم رہنما اصول مدون کیے۔ ایک یہ کہ قرآن کو قرآن کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کی جائے اور اسی سے دوسرا رہنما اصول انہوں نے یہ بنایا کہ اسرائیلی خرافات کو یکسر رد کیا جائے اور احادیث کے ادب کو وہ قطعیت نہ دی جائے جو صرف "کتاب" (قرآن مجید) کو حاصل ہے۔ تمام راسخ العقیدہ مصنف اس اصول کو نظری طور پر مانتے ہیں لیکن عام طور پر عمل اس کے برعکس رہا ہے۔ رفتہ رفتہ احادیث نے قریب قریب وحی کے برابر جگہ حاصل کر لی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سنت اور حدیث کے ادب کا باریک فرق نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ سرسید جدید دور کے پہلے مصنف ہیں جنہوں نے احادیث کے ازسرنو امتحان کی ضرورت کا اظہار کیا اور امتحانی تنقید کے اس عمل کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ان کے ایک رفیق چراغ علی نے گولڈ زیہر اور شاخت سے پہلے سائنٹفک نوعیت عطا کی اور خاص بات یہ ہے کہ ان جرمن مصنفوں نے انہی بنیادوں پر اس عمارت کو کھڑا کیا جس کی نشاندہی سرسید اور تفصیل سے چراغ علی نے کی تھی۔

قرآن کو قرآن کی مدد سے سمجھنے کے عمل میں سرسید نے فنی تعبیر یا textual interpretation کے جدید سائنٹفک اصول کی بنیاد رکھی اور اہم بات یہ ہے کہ اس معاملہ میں انھوں نے اہل التاویل کی تقلید نہیں کی بلکہ ابن حزم کے اصولوں کو اپنا راہ نما بنانے کی کوشش کی، اور اس اہم حقیقت کی طرف اشارہ کیا کہ نوعی عقل جسے وہ عقل کلی بھی کہتے ہیں، مذہبی صداقتوں کے فہم و ادراک میں غیر اہم irrelevant نہیں ہے۔ اس مقام پر اس اہم امر کی طرف اشارہ بے محل نہیں ہو گا کہ جن مذاہب میں منشأ الٰہی کا اظہار، لفظ یا زبان کے وسیلے سے ہوتا ہے، وہاں عقل انسانی کو معطل نہیں کیا جا سکتا کیونکہ یہی ذریعہ علم، لفظ کی تعبیر اور تشریح پر قادر ہے۔ دوسرے لفظوں میں انسانی عقل، جو خود ایک revelatory function کی حامل ہوتی ہے۔ اسی لیے روایت اور عقل یا وحی اور عقل کے ربط کا سوال دینیاتی فکر میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ (اقبال نے اپنے پہلے خطبہ "علم اور مذہبی تجربہ" میں اس مسئلے کو مزید وضاحت سے پیش کیا ہے کہ خود مذہبی تجربہ اپنی تعبیر کے لیے عقلی معیار کا تقاضہ کرتا ہے۔ لیکن بدبختی سے اسلامی فکر میں الغزالی کی روایت کی کامیابی نے عقل کو ہمیشہ کے لیے فکر بدر کر دیا۔ یہ دوسری بات ہے کہ عقل کی جلاوطنی، اہم اور سنگین خطرات کی حامل بن جاتی ہے۔ اسی جلاوطنی سے non-mythological مذہب میں پچھلے دروازے سے خرافاتی نظام در آتا ہے۔ اور یہی اسلام کی دینیاتی تاریخ میں ہوا۔ چونکہ سرسید کا ذہنی افق، عصری ایجابی ذہن ہے، اسی لیے وہ عقل کی حد کے قائل ہیں اور اپنی تفسیر میں اس امر کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ شئے کی حقیقت کا جاننا فطرت انسانی سے خارج ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں لیتے کہ وحی کی علامتی تعبیر میں عقل انسانی کو یکسر غیر متعلق قرار دیا جائے۔ علامتی زبان کی تعبیر کی ایک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


کلید خود زبان ہے اور اسی لیے وحی کی تعبیر میں لسانی مسئلہ اہم بن جاتا ہے۔ سرسید نے چند اہم قرآنی امور میں اس طریقہ کو خاصی مہارت سے استعمال کیا ہے مثلاً حضرت مسیح کے بارے میں قرآن کے موقف کے تعین میں۔ اسی ضمن میں سرسید کے خالص دینی محرک کا اندازہ ہوتا ہے۔ اگر انہیں عیسائی اہل کتاب کی خوشنودی منظور ہوتی تو وہ قرآن کی آیات کی ایسی تعبیر بھی کر سکتے تھے جو مسیحی موقف کے قریب یا approximate ہوتی۔ لیکن جیسا کہ اوپر کہا گیا ہے' سرسید کا جذبہ' چونکہ demythologization کا تھا۔ اسی لیے انہوں نے آیات مسیح کی ایسی تعبیر پیش کی جو مسیحی موقف سے تاریخی اسلام کے فاصلے کو کم نہیں کرتی بلکہ بڑھا دیتی ہے۔ اسی طرح سرسید نے چند اور قرآنی امور جیسے حیات شہداؑ' جنگ بدر' فرشتوں کی نصرت اور روایت شق القمر کے بارے میں جو تعبیریں پیش کی ہیں وہ قرآن کی فنی تعبیر کے 'کم از کم نظری اعتبار سے' عالمانہ نمونے ہیں۔

سرسید نے تاویل اور تعبیر میں جس فرق کو پیش نظر رکھا تھا' اس کی بنیاد پر انہوں نے وحی اور عقل انسانی اور عقل تجربی کے ربط کو قوی کیا۔ عالم اسلام میں تاریخ کی providential یا مشیّتی تعبیر کا جو رجحان عام ہوا اور جو بدقسمتی سے آج بھی (مقبول عوام) ہے اس کی بنیاد وہ رجحان ہے جو مشیت الٰہی کو تاریخ کے پنہاں یا immanent عنصر کے بجائے ایک راست فعال عنصر قرار دیتا ہے۔ مثلاً جنگ بدر میں لشکر اسلام کی فتح مسلمانوں کی ہمت اور پیغمبر اسلام کی موثر حکمت عملی کا نتیجہ نہیں رہی بلکہ فرشتوں کی بروقت مداخلت کو اس فتح کا سبب قرار دیا گیا۔ آج بھی مسلمان ہر معرکہ میں فرشتوں کا انتظار کرتے ہیں جو architypal تخیل کا ایک دردناک مظہر ہے۔ سرسید کا انکار معجزات ایک ضد پسند عقلیت شناس کا انکار نہیں ہے بلکہ تاریخ کی مشیّتی تعبیر کے خلاف ایک ایجابی ذہن کا ردعمل ہے۔ سرسید کے اسی ایجابی ذہن کا ایک اور اہم پہلو یہ ہے کہ انہوں نے مصری عالم علی عبدالرازق سے بہت پہلے اس تصور کو اپنی تفسیر میں پیش کیا کہ بعثت انبیاؑ کا اصل مقصد نفس انسانی کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

تہذیب ہے' ارضی سلطنت کا قیام نہیں۔ مثلاً سورہ الانعام کی تفسیر کے ایک مقام پر اپنے اس نقطۂ نظر کو انھوں نے واضح الفاظ میں پیش کیا کہ نبوت کو دنیوی امور سے کچھ تعلق نہیں ہے۔ اس مقام پر اور خصوصاً ان کی نام نہاد اسلامی خلافت سے انکار میں انگریزوں کی خوشنودی ملحوظ رہی ہو تو ہو لیکن سرسید demythologization process کو اس حد تک لے جانا چاہتے تھے' جہاں دین اور دنیا کے ربط کو صرف سیاسی اور ارضی اصطلاحات میں تلاش نہ کیا جائے بلکہ دین' دنیا کے لیے ایک استوار اخلاقی بنیاد بنے۔ انھوں نے دین اور دنیا کو دو متضاد عوالم میں تقسیم نہیں کیا بلکہ ان دو عوالم کے ربط کے لیے نفس انسانی کو ایک مشترک حد یا middle term قرار دیا۔ نفس انسانی' ان کے نزدیک اعتباری اور اضافی طور پر ایک ایسا خود مختار autonomous وجود ہے' جو کسی اجماع کا پابند نہیں جو وحی الٰہی کے سوا دوسرے انسانی ارادوں کو شخصی تجربے اور عقل پر غالب آنے کی اجازت دیتا ہو۔ شخصی تجربہ کی خود مختاری اور عقل کی کارفرمائی کے خلاف اسلام کی فکری تاریخ میں جس اصول نے سب سے زیادہ اہم حصہ ادا کیا ہے' وہ ''اجماع'' کا اصول ہے۔ جس نے تاریخی عمل میں بالآخر ایک محدود گروہ کے اجماع کی حیثیت اختیار کر لی۔ تاریخی طور پر اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسلام میں ایک غیر مرئی کلیسا کی بنیاد پڑ گئی۔ ایک ایسے کلیسا کی جس کا صدر الوہی اختیار رکھنے والا پاپائے مقدس تو نہیں تھا لیکن عملاً ہر عالم پاپائے مقدس بن جانے کے ارمان کا حامل بن گیا۔ دوسری طرف تاریخ کے مشیتی تصور نے ایسی infallible یا غیر خطا پذیر امت کے تصور کو جنم دیا جو بالآخر خود مشیت الٰہی کا مظہر قرار پائی۔ امت کا جمود ان تین قضیوں کے ارتباط کا نتیجہ بن گیا۔ امت غیر خطا پذیر ہے' اجماع امت' مشیت الٰہی ہے اور اجماع امت' اجماع علمائے امت ہے۔ یعنی عملاً اجماع علمائے امت غیر خطا پذیر ہے۔ اس تصور نے ملت اسلام میں شخصی آزادی کو پوری طرح سلب کر لیا۔ علماٴ سے فرار حاصل کرنے والے اہل حال شیخ کے گرفتار بن گئے۔ اور ظاہر نے علماٴ کو جس مقام سے سرفراز کیا تھا' اہل حال نے وہی مقام شیخ کو عطا کیا' نتیجہ ظاہر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


تھا' اہل ظاہر اور اہل باطن دونوں نے فرد کے شخصی تجربے اور فرد کی شخصی فہم کو دین کے لیے بے معنی یا irrelevant بنا دیا۔ سرسید کی اہمیت یہ ہے کہ انہوں نے شخصی تجربہ شخصی عقل اور وحی الٰہی کے درمیان عالم یا شیخ کو حکم بنانے کے بجائے عقل نوعی اور عقل تجربی کو حکم قرار دیا اور اس طرح اسلام کی ایک بنیادی اخلاقی تعلیم یعنی شخصی ذمہ داری کے تصور کو مرکزی اہمیت دی جس کی بنیاد پر ایجابی اخلاقیات یا positive ethics کی عمارت تعمیر کی جا سکتی ہے۔ دوسری اہم روایت جو سرسید کی رہین منت ہے' یہ ہے کہ انہوں نے تشریعی احکام کے بارے میں ان اخلاقی اور روحانی اصولوں کو اہمیت دی جو ان احکام کا منشا و مدعا ہیں۔ یہاں صرف اس دور کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے کہ خود قرآن مجید نے تشریعی احکام کے ساتھ ان مقاصد کی بھی صراحت کی ہے جن کی تکمیل ان احکام کا مقصود اصلی ہے۔ انہیں مقاصد کو قرآن نے "حکمت" کا نام دیا ہے۔ مقاصد اور احکام کا یہی وہ فرق ہے جو تصوف کی اصطلاح میں شریعت اور طریقت کا فرق بن جاتا ہے اور ابوالحسن قشیری کی عبارت میں جہاں شریعت نسخ پذیر ہو سکتی ہے' وہیں طریقت ابدی اور غیر متغیر ہے۔ یعنی دراصل مقاصد ہی ابدیت کے حامل ہیں۔ مقاصد اور تشریعی احکام میں فرق اور ارتباط کا اظہار ایک اعلیٰ سطح پر اس تناؤ یا tension میں ہوتا ہے۔ جو اخلاقی شعور اور قانون کی سطح کے درمیان ایک حساس ذہن کا روحانی تجربہ ہے۔ روایت کے تنقیدی امتحان کے اس رجحان نے عصری موضوعی اور مفروضی زندگی' دونوں پر اپنا گہرا اثر مرتب کیا۔ موضوعی رجحانات کی تبدیلی میں سب سے اہم فنی روایت کی بنیاد حالی نے رکھی۔ یہ بات ناقابل قیاس ہے کہ جدیدیت کی نئی تحریک کے بغیر محض حالی کی فن کارانہ جینئیس' ادب اور ادبی محاورے میں اتنے دور رس انقلاب کا سبب بن سکتا تھا' اگر صرف ادبی محاورے یا literary میں تبدیلی پر' یہ ادبی انقلاب رک جاتا تو شاید' اس کے اتنے دور رس اثرات نہ ہوتے۔ حالی نے

(۱) اشارہ ہے حالی کی نظم "امید" کے اس شعر کی جانب

سنے ہوں گر نہ معنی لاتسبوالدھر کے تم نے    تو اب سن لو کہ ہوں میں شان رحمانی مجھے جانو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس تحریک کے زیر اثر تہذیبی اور فنی تناظر یا perspective کو بدلنے کی کوشش کی۔ پہلی بار اردو ادب میں زمانے کا ادراک حالی کا ایک اہم تہذیبی کارنامہ ہے۔ زمانہ جو قدیم روایات میں صرف تخریب کا پیامبر تھا' اب "شان رحمانی" کے طور پر جلوہ گر ہوتا ہے۔(۱) اگر زمانے کا یہ عرفان انہیں حاصل نہ ہوتا تو شاید وہ واقعی بے بسی کے نوحہ خواں شاعر بن جاتے اور تاریخ کی تبدیلیوں کو فلک ناہنجار کے ستم سے موسوم کر دیتے۔ اس کے برخلاف ان تبدیلیوں کو وہ انسانی عمل کا ایک لازمی نتیجہ تصور کرتے ہیں۔ اس تحریک کا یہ پیش مفروضہ کہ انسان تبدیلی کے قابل ہے اور انسانی عمل اپنے تاریخی حدود میں autonomous ہے۔ حالی۔ کے بعد غدر' شاعری میں نمایاں عنصر بن جاتا ہے۔ زمانے کے تعمیری اور تخلیقی پہلو کے ادراک میں حالی' اقبال کے پیش رو بن جاتے ہیں اور اسلام کی اس خصوصیت کا کہ وہ فطرت اور تاریخ کا اقرار کرتا ہے' کم از کم اسلامی ہند میں حالی کو پہلی بار بھرپور احساس ہوا۔ زمانے کا اتنا شدید احساس غالباً ان کے رہبر سرسید کو بھی نہ تھا۔ سرسید اور حالی کے پاس عقلیت مشترک ہے اور زمانے کی تبدیلیوں کا احساس بھی مشترک ہے۔ لیکن حالی' شاعرانہ وجدان کی مدد سے اس حقیقت تک پہنچے اور بصیرت نے انہیں یہ بات سجھائی کہ زمانہ ہمیشہ آگے کی طرف بڑھتا ہے' ماضی کو سمجھتا ہے۔ اس سے بصیرت حاصل کی جاسکتی ہے' قوت عمل اور جوش حیات حاصل کیا جا سکتا ہے۔ لیکن ماضی کو پھر سے واپس نہیں لایا جا سکتا۔ ان کے اسی وجدان نے انہیں ماضی کو پھر سے زندہ کرنے کی سعی لاحاصل سے بچا لیا۔ ان کی نظر ان اقدار تک پہنچی جنھوں نے ماضی میں مسلمانوں کو تبدیلی کا موثر agent بنایا تھا۔ وہ قوت عمل کا رخ مستقبل کی طرف موڑ دینا چاہتے ہیں تاکہ عالم امکان میں انہیں امکانات پر نظر رہے جو اس دور کے تاریخی امکانات

(۱) تفصیلات کے لیے دیکھیے:

The Proposed Legal, Political and Social Reforms in the Otttomen Empire (1808) OR Traditions of Islam, Guillaume, Oxford 1924.

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بن سکتے ہیں۔

تاریخی امکانات کے اس ادراک نے اس تحریک کے ایک اور پہلو کو اجاگر کیا اور اس تحریک کے ایک اہم رکن چراغ علی نے اس مکتب کی بنیاد رکھی جس کو اصطلاحاً قانونی جدیدیت یا legal modernism کا نام دیا جاتا ہے۔[1] ان کے پیش نظر، نہ صرف تشریعی احکام کی علمت تھی بلکہ وہ تاریخی اور situational بھی تھے جن میں قوانین کی تدوین ہوئی تھی۔ اگر انسانی موقف تبدیلی پذیر ہے اور واقعی تبدیل ہوتا رہتا ہے تو پھر یہ بھی ضروری ہے کہ تشریعی اور قانونی عمل بھی اس تبدیلی سے متاثر ہو۔

انسیت پسند رجحان یا humanistic impulse کو اگر قانونی عمل سے کلیتاً خارج کر دیا جائے تو پھر قانون تاریخ کے استبداد کا دوسرا نام بن جاتا ہے۔ اس رجحان کی وکالت، اور اجتماعی اور انفرادی زندگی کے تمام شعبوں میں اس کے نفوذ کی کوشش اس تحریک جدیدیت کا ایک عنصر ہے جس کے احیاء کے بغیر عصری ذہن کا غالب رجحان بن جاتا۔ شاید اس کا ایک سبب یہ تھا کہ قریبی ماضی کے آثار ابھی طاقتور تھے۔ اور ذہنی تبدیلی کے ساتھ، سماجی تبدیلیوں کی رفتار سست تر تھی۔ ماضی اور حال کو مربوط کرنے کی ایک کوشش جس نے مستقبل پر ردعمل کے گہرے اثرات مرتب کیے اور جدید کے خلاف مزاحمت کی کوششوں کی طاقت عطا کی، وہ شبلی نعمانی کی وہ تحریک تھی جس کا محرک روایت کے ذریعہ اصلاح یا reform through tradition تھا۔ اس رجحان کا ایک اہم منشاء تبدیلی میں تسلسل یا continuity in change کو برقرار رکھنا تھا لیکن اس اصول کے ساتھ سب سے بڑی دقت یہ ہے کہ روایتوں کے ہجوم میں ردو قبول کا عمل ایک موضوعی نوعیت اختیار کر لیتا ہے اور یہ روایت کے عقلی تنقیدی امتحان کا بدل ثابت نہیں ہوتا۔ روایت سے تجربے کی طرف، یا ماضی سے حال کی جانب عبور، ذہنی موضوعی سطح پر اتنا تو مشکل نہیں، لیکن تاریخی عمل کے دوران اس وقت مشکل پیش آتی ہے جب عصری تجربے کو، ماضی کے قریب سانچوں میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ڈھالنے کی یا حال کو ماضی کے پیمانوں سے ناپنے کی کوشش ایک غالب رجحان کی صورت میں نمودار ہوتی ہے۔ اس دقت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے جب روایت کو تجربے کے جانچنے کا وسیلہ یا medium بھی قرار دے دیا جائے۔ روایت کے ذریعہ اصلاح کا یہ رجحان' بیسویں صدی کے اوائل میں خود جدیدیت کی تحریک سے ابھرنے لگا۔ جو بالآخر ایک اہم اور ناقابل حد تضاد یا contradiction کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ اس تقاضے نے عصری سیاسی موقف سے بھی طاقت حاصل کی اور بالآخر جدیدیت کی تحریک کو خود مدافعت کے لیے مجبور کر دیا۔ تاریخی طور پر الہلال اور البلاغ کے نوجوان ابوالکلام نے ماضی کے سحر کو جگانے میں کامیابی حاصل کی اور ان استعاروں اور تخیلی پیکروں imaginative symbols کو ابھارا جو اجتماعی لاشعور کو خوابیدگی کے عالم سے بیدار کر سکتے اور شعور پر حملہ کرنے کی طاقت عطا کر سکتے تھے۔ روایت کے ذریعہ اصلاح کی ''تحریک'' روایت اور طاقت عطا کرنے میں بالآخر کامیاب ہو گئی۔ اور اس کا حزنی پہلو یا tragic element اس وقت نظروں میں آیا جب آزاد نے اپنی فکری زندگی کے دوسرے اور علمی و فنی اعتبار سے زیادہ ثمر آور دور میں' وحی الٰہی کی تجلّیوں سے کسب نور کی کوشش کی اور اعلان کیے بغیر روایت کے ہجوم سے اپنا دامن بچانے کی کوشش میں مصروف ہو گئے' جہاں پہلے دور کے آزاد نے ماضی کے احیا' کی کوششوں کو ایک نیا عملی اور نظریاتی یا ideological جوش بخشا۔ وہیں آزاد کے دوسرے دور کے فکری اجتہاد نے حیات اجتماعی پر اپنا کمزور نقش ثبت کرنے میں بھی کامیابی حاصل نہیں کی۔ آزاد نے روایت کے idiom یا محاورے کی تمام طاقت کو اپنے پہلے دور میں استعمال کر لیا تھا اور شاید اسی کا نتیجہ تھا کہ اگلا عرفان خود ان کے عصر کے لیے نامانوس سا تھا لیکن علمی نقطۂ نظر سے ترجمان القرآن میں آزاد نے سرسید کے چند نتائج کی صداقت کو ثابت کرنے میں ایک حد تک کامیابی حاصل کی۔ آزاد نے قرآنی اصطلاحوں' ربوبیت' رحمت اور عدالت کی روشنی میں مذہبی کثرت یا religious pluralism کی اہمیت کو واضح کیا اور دین اور شرع یا منہاج کے فرق کو اجاگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کرنے میں بالواسطہ قانونی جدیدیت کے لیے ایک نظریاتی بنیاد فراہم کی' لیکن مشکل یہ ہے کہ قانونی جدیدیت عصری حیات انسانی کا صرف ایک پہلو ہے اور جب تک مذہبی فکر کو ایک انقلابی جہت عطا نہ کی جائے۔ اس وقت تک انسیت پسندی کی عمارت کو مذہبی بنیادوں پر قائم نہیں کیا جا سکتا۔ اس مہم کو سرانجام دینے کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ ایک انقلابی بنیاد پر مذہبی فلسفہ کی تعمیر اور تشکیل کی شعوری کوشش کی جائے اور عصری idiom یا محاورے کو فکری وسیلہ بنایا جائے۔ آزاد کی مذہبی فکر اپنی تمام حسن و رعنائی کے باوجود ایک ایسے idiom میں پیش ہوئی جس کی بنیادیں کم از کم نظری اور فلسفیانہ اعتبار سے کمزور ہیں۔ مثلاً ان کا ذہنی افق علت و معلول اور غائی نقطۂ نظر theological سے اونچا نہ ہو سکا۔ جہاں ان کے نتائج فکر' پر کشش اور جاذب نظر دکھائی دیتے ہیں' وہیں جن بنیادوں پر وہ ان نتائج تک پہنچتے ہیں' ان کو قبول کرنے میں عصری ذہن تامل کرتا ہے۔ ان کی انسیت پسندی واضح اور ہر شبہ سے بالاتر ہے لیکن عصری انسان کی طاقت' قوت اور چیلنج قبول کرنے کی صلاحیت ہمیں ان کے انسانی پیکر میں نظر نہیں آتی۔ اسی لیے ان کی انسیت پسندی جمالیاتی سطح تو رکھتی ہے لیکن وجودی سطح ontological basis سے محروم ہے۔ ایک عصری مذہبی تشکیل کے لیے فلسفیانہ بشریت یا philosophical anthropology کی بنیادیں لازمی ہیں جس کے بغیر اس کائنات میں خدا اور انسان کے ربط کی تعبیر ممکن نہیں۔ سرسید نے اپنی بے رنگ نثر میں ایک بنیاد رکھی تھی' ہر چند کہ ان کی بشریت یا anthropology انیسویں صدی کے فلسفے کی رہین منت رہی۔ لیکن ان کی تحریروں کا انسانی پیکر اپنا خود مختار فعال وجود ضرور ہے جو وحی کی روشنی میں اور خاص تاریخی حالات میں اپنے لیے ایک جادہ ضرور تراش سکتا ہے۔ مذہبی دائرے میں رہتے ہوئے بامقصد عمل کے لیے ان دونوں یعنی وحئ الٰہی اور خاص تاریخی حالات میں ربط قائم کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ مذہبی اصطلاح میں اگر ایک قطب "ابد" کی نمائندگی کرتا ہے تو دوسرا "زمانہ" کی' اور ظاہر ہے کہ انسان ایک درمیانی اصطلاح یا middle term ہے۔ اس انسانی وجود کو اُن دو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اقطاب کے درمیان عمل کرتا ہے۔ ذہنی سطح پر یہ فرض کر لینا آسان ہے کہ یہ درمیانی وجود صرف مطیع ہے اور ابد صرف مطاع، لیکن زیست کی سطح پر یہ مفروضہ اثر پذیر نہیں ہوتا، اگر بات اتنی آسان ہوتی تو انسانی وجود ابد کے پر سکون ماحول میں، ہمیشہ سرور اور سکون کی زندگی بسر کر سکتا اور جنت گم شدہ کی آرزو نہ کرتا لیکن اس کی تقدیر کچھ ایسی ہے کہ زمانے کی رفتار اس کے لیے پہلا چیلنج بن جاتی ہے۔ اور اسی لیے وہ بسا اوقات، وحیِ الٰہی کی روشنی سے اپنے آپ کو محروم بھی کر لیتا ہے۔ دراصل ابد اور زمانہ کا رشتہ صرف انسانی وجود ہی کے لیے ایک چیلنج ہے۔ عالم فطرت اس چیلنج سے بے نیاز ہے۔ اگر انسان کو صرف مطیع مان لیا جائے تو پھر عالم انسانی اور عالم فطرت کا فرق بے معنی ہو جاتا ہے۔ اور جنگ کی تباہ کاری اور زلزلے یا سیلاب کی آفتوں میں فرق باقی نہیں رہتا۔ یہی وہ سبب ہے کہ ایک بشری فلسفہ کے بغیر مذہبی فکر کی تشکیل ممکن نہیں ہوتی۔

اسلامی فکر میں اقبال کی سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ اس نے اپنی فکر کی بنیاد، انسانی وجود کے بارے میں غور و تعمق پر رکھی۔ خدا، اس کی فکر کا منتہی اور مبدأ ہے۔ لیکن انسانی وجود، اس کی فکر کا مرکز ہے۔ خدا کے پیغام کا مخاطب انسان ہے اور وہی مکلّف بھی، اسی لیے مذہبی فکر کے لیے انسانی وجود، مرکزی وجود اختیار کر لیتا ہے۔ بیسویں صدی کی عالمی مذہبی فکر کا امتیازی وصف یہی ہے کہ وہ انسانی وجود کو اپنے سفر کا نقطۂ آغاز بناتی ہے اور خدا تک پہنچتی ہے۔ اس لیے کہ یہ اس کی منزل ہے۔ دراصل یہ سفر معدوم سے موجود تک نہیں بلکہ موجود سے موجود تک ہے۔ ظاہر ہے کہ اس سفر کی ابتدا زمانے سے ہوتی ہے اور ابد منزل قرار پاتی ہے۔ جہاں نظر ابد پر ہوتی ہے، وہیں قدم وقت کے ریگ زار پر حرکت کرتے ہیں۔ اگر یہ قدم اس ریگ زار پر اپنا اثر مرتب نہ کر سکیں تو پھر یہ عالم خواب کا سفر بن جائے گا۔ آنے والے مسافران نقوش پا سے رہنمائی اور ہدایت ضرور حاصل کرتے ہیں۔ لیکن سفر کرتے ہوئے ہی منزل تک پہنچ پاتے ہیں۔ یہ نقوش پا روایت کی علامت بن جاتے ہیں، لیکن ان کو دور سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دیکھتے رہنا منزل تک رسائی کا ضامن نہیں ہوتا اور پھر انسانی زیست کی ایک دقت یہ بھی ہے کہ انسان اس ریگ زار وقت پر سفر کرتے ہوئے تاریخ بھی بناتا چلتا ہے جس سے اس ریگ زار کی نوعیت ہی بدل جاتی ہے۔ کبھی کبھی نقوش پا بھی مٹ جاتے ہیں جنھیں تاریخ کے گرد و غبار میں تلاش کرنا ہوتا ہے۔ یہیں انفرادی بصیرت ہی رہنمائی کا فرض انجام دے سکتی ہے۔ اس لیے اقبال کا یہ اصرار بے جا نہیں کہ وہ ''موثر طاقت'' جو انحطاط اور زوال کی قوتوں کا مقابلہ کر سکتی ہے اور ان کے لیے جواب فراہم کر سکتی ہے۔ خود مرتکز self-concentrated افراد کی پرداخت ہی سے ممکن ہے۔ صرف ایسے ہی افراد' زندگی کی گہرائیوں کا کشف حاصل کر سکتے ہیں اور وہی ان نئے معیارات کا انکشاف کر سکتے ہیں جن کی روشنی میں ہمیں اس واقعہ کا ادراک ہوتا ہے کہ ہمارا ماحول ناقابل تنسیخ نہیں ہے بلکہ تبدیلی کا متقاضی ہے۔ اقبال کا یہ بیان statement انتہائی اہمیت کا حامل ہے' اگر اقبال کے فکری متن سے اس کو علیحدہ کر لیں تو یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ کہیں اقبال نوع انسان اور ملت اسلامی کی تقدیر' چند خود معلنہ' خود مرتکز افراد کے حوالے کرنے کی ترغیب تو نہیں دے رہے ہیں۔ یہ ان کا منشا نہیں ہے بلکہ ان کی مذہبی فلسفیانہ بشریت کا ماحصل یہ ہے کہ اجتماع کا یہ فرض ہے کہ وہ ایسے افراد کی حوصلہ افزائی کرے اور ایک ایسے تہذیبی ماحول کو فراہم کرے جس میں' ایسے خود مرتکز افراد کی نشو و نما ممکن ہو۔ یہی ان کی سیاسی فکر کا پیش مفروضہ ہے اور رہنما اصول۔ اس فکر میں انسانی وجود' اپنی بنیاد دریافت کر لیتا ہے اور فکر و عمل میں اعتباری طور پر خود مختاری کا حامل بن جاتا ہے۔ نئے انسان کے تخلیق کی تمنا' ان کی فلسفیانہ بشریت کی بنیاد ہے اور اساسی پہلو' ان کی مذہبی فکر کے لحاظ سے ایسے ہی انسان کی تخلیق اسلامی تہذیب کا مقصود تھا اور اس لیے وہ اس تہذیب کو ایک نئی تہذیب کا نام دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک اس نئی تہذیب کا بنیادی اصول توحید ہے' جو یقیناً خدا کی اطاعت کا مطالبہ کرتا ہے۔ لیکن چونکہ خدا تمام زیست کی آخری روحانی بنیاد ہے' اسی لیے خدا کی طاعت دراصل' انسان کی اصلی وجود ماہیت کی اطاعت کا نام ہے۔ زیست کی یہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

روحانی بنیاد ہے تو ابدی لیکن تنوع اور تبدیلی میں یہ اپنا اظہار کرتی ہے۔ اس لیے اس کا اصرار یہ بھی ہے کہ ایک ایسے اجتماع کے لیے جس کی بنیاد حقیقت کے اس تصور پر ہو، یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی زندگی میں دوام اور تبدیلی کے دونوں اصولوں کو مربوط کرنے کی کوشش کرے، لیکن ابدی اصولوں کا یہ مطلب نہیں کہ وہ تبدیلی کے امکانات کو خارج کر دیں کیونکہ اس طرح انسانی وجود اپنی ماہیت سے محروم ہو جائے گا۔ تبدیلی اور دوام تغیر اور ثبات کے درمیان، ربط کی تلاش کا نام اقبال کی فکری لغت میں اجتہاد ہے۔ اس لغت میں اجتہاد، صرف ایک فقہی اصطلاح نہیں ہے بلکہ انسانی وجود اور اس کی ماہیت سے اس کا گہرا اور راست تعلق ہے۔ کیونکہ جہد یا exertion ہی انسانی وجود کی ماہیت ہے۔ اسی لیے ان کی نظر میں اجتہاد، اسلامی تہذیب کا ایک تخلیقی اور تشکیلی عنصر ہے جس نے اس تہذیب کو عالمی تاریخی سطح پر ایک نئی تہذیب بنا دیا تھا۔ (یہاں اس امر کی جانب اشارہ ضروری ہے کہ اقبال نے جن تصورات کو وضاحت اور بڑی حد تک فلسفیانہ اور فکری سلیقے کے ساتھ اپنی نثر اور خصوصاً خطبات کی نثر میں پیش کیا، وہاں، ان کے اشعار سے مدد لینا اور ان کے تصورات کی تنقیص کرنا علمی دیانت داری کے خلاف ہو گا۔ ان کے نزدیک، اس نئی تہذیب کی تعمیر اور تشکیل، اس لیے ممکن ہو سکی کہ قرآن نے جن اساسی اصولوں کو یا ان کی زبان میں fundamental principles کو پیش کیا تھا، ان کی روشنی میں، انسان کو قانون سازی کی حد تک مکمل اختیار حاصل تھا۔ جس کو انھوں نے اجتہاد کی اولین سطح یا first degree of ijtihad کہا ہے۔ اس لیے ان کا یہ اصرار ہے کہ فرد سے اس اختیار کا سلب کر لینا، اس حرکی نقطۂ نظر کے مغائر ہے جس کو قرآن نے پیش کیا ہے اور سلب کر لینے کے اس تاریخی عمل نے عملاً قانون اسلام کو انجماد کے درجہ تک پہنچا دیا، جہاں وہ اجتماعی نظم کو زندگی کے (حرکی تصور سے ہم آہنگ نہیں کرتا) انہیں اس بات کا بھی اندازہ ہے کہ ایک ضرورت سے زیادہ منظم اجتماع، فرد کی تمام تخلیقی صلاحیتوں کو ختم کر دیتا ہے اور اسی لیے ماضی کی تاریخ کا غلط احترام اور اس کے تن مردہ میں نئی جان ڈالنے کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کوشش resurrection کسی زوال یافتہ ملت کا علاج نہیں ہے۔ اس کا علاج صرف یہی ہے کہ خود مرتکز افراد' حقیقت کی گہرائی تک رسائی حاصل کریں۔ اور اپنے فکری اجتہاد کے ذریعہ' بدلے ہوئے حالات میں' ابد سے اکتساب فیض کرتے ہوئے نئی حقیقتوں تک پہنچیں' یہی سبب ہے کہ یہ سوال کہ کس طرح ماضی کو اپنی گرفت میں لیا جا سکتا ہے یا ماضی تک اپنی قدرت کی توسیع ممکن ہے' اقبال کے فکر کا نہ صرف اولین رجحان تھا بلکہ دم آخر تک ان کے شعور پر چھایا رہا۔ ماضی کی اہمیت اس لیے کہ اس تاریخی ماضی میں ابد کی روشنی چمکی تھی اور اس ماضی کے ایک منور نقطہ میں ابد' حال یا زمانے کو کاٹتا ہوا گزرا تھا' نام نہاد احیائیت پسندی کا رجحان ان کے فکر کے اسی عنصر سے وابستہ ہے۔ لیکن اقبال کی متجسس فکر احیائیت پسندی کے آسان حل کو مطلقاً قبول کرنے پر مائل نہ ہو سکی' ابد اور زمانہ کا تضاد ان کے فکری محرکات میں سب سے زیادہ بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ جہاں شعر میں' وہ اس تضاد کو حل نہ کر سکے' شاید حل کرنا چاہا بھی نہیں' کیونکہ شعری زبان paradoxes کی زبان ہے' وہیں' اپنے خطبات میں انہوں نے اس تضاد کو حل کرنے کی بڑی حد تک کامیاب کوشش کی ہے۔ عام مذہبی فکر کا رجحان یہ ہے کہ ابد اور زمانے کے تقاطع کے عمل کو تاریخ کے صرف مثالی لمحہ میں فرض کیا جائے۔ مثلاً مسیحی نقطۂ نظر سے ولادت ایک ایسا منور زمانی لمحہ تھا اور مروج اسلامی نقطۂ نظر سے نزول قرآن کے لمحات' حیات پیغمبر ﷺ کے لیے ایسے ہی منور لمحات تھے' جن کے بعد ابد کی حکمرانی شروع ہوئی اور زمانہ غیر حقیقی یا محض اعتباری بن گیا۔

لیکن ان دو یعنی مسیحی اور اسلامی نقطہ ہائے نظر کے فرق کو پیش نظر رکھا جائے تو یہ مسئلہ ایک نئی سطح پر سامنے آتا ہے۔ مسیحی نقطۂ نظر سے' صرف ایک ایک لمحہ' لمحہ منور تھا۔ لیکن اسلامی نقطۂ نظر سے' خدا نے کسی ایک لمحے کو اپنے لیے منتخب نہیں کیا بلکہ کئی لمحات ایسے آئے جہاں ابد زمانے کو کاٹتا ہوا گزر گیا۔ دوسرا اہم فرق یہ ہے کہ جہاں پہلے یعنی مسیحی نقطۂ نظر سے خدا نے گفتنی لفظ spoken word کے ذریعہ یا زبان کے وسیلے سے اپنا نہیں بلکہ اپنی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مشیت کا اظہار کیا۔ اسی ابد اور زمانے کا تقاطع ان تمام امکانی لمحات میں ہو سکتا ہے، جب انسان، اس کلام کو پڑھے یا اس کے بارے میں بصیرت حاصل کرنے کی کوشش کرے۔ یعنی یہ کہ یہ واقعہ یعنی intersection یا تقاطع کا یہ عمل ایک متواتر عمل بن سکتا ہے اور اقبال کے لیے بصیرت کے حصول کی اسی کوشش کا نام اجتہاد ہے۔ ایک ایسے مذہب کے ماننے والوں کے لیے جن کے نزدیک خدا نے اپنی مشیت کا اظہار، صرف ان امور کی حد تک نہیں رکھا، جنہیں ہم اعتقادات کہتے ہیں، بلکہ وہ امور بھی اظہار کی روشنی میں آئے جن کا تعلق انسان کے انفرادی اور اجتماعی عمل سے ہے۔ اجتہاد کا یہ عمل، واقعی موت و زیست کا سوال بن جاتا ہے اور اقبال کی فکر کا یہ پہلو کہ اجتہاد کے عمل کو صرف ماضی کے چند لمحات کے حوالے نہ کیا جائے، اجتماعی زندگی کے تقاضوں کے لیے بڑا معنی خیز اور اہم بن جاتا ہے۔ یہی سرسید کی فکر کا ماحصل، اقبال کے ہاں ایک گہری فلسفیانہ بنیاد حاصل کر لیتا ہے۔ اس کا تعلق انسانی وجود اور زیست کی ماہیت سے ہو جاتا ہے۔ یعنی یہ سوال، صرف ایک مذہب کا داخلی مسئلہ باقی نہیں رہتا بلکہ انسانی فکر کا ایک ضروری موضوع بن جاتا ہے۔ انسانی وجود کی ایسی ماہیت کی روشنی میں، سیکولر اور مقدس کے معانی اور ان کے ربط کی تلاش کی جا سکتی ہے۔ کیونکہ کوئی اصطلاح، انسانی وجود کے لیے اس وقت تک کلید نہیں بنتی جب تک کہ خود انسانی وجود اس کا مصدر نہ ہو۔ یہیں قرون وسطیٰ کی فکر سے اقبال کا راستہ الگ ہو جاتا ہے اور وہ اسلام میں وجودی فکر کے پیش رو بن جاتے ہیں۔ سیکولر اور مقدس، انسانی وحدت کو تقسیم نہیں کرتے بلکہ اس وحدت کے دو مختلف پہلوؤں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ سیکولر اور مقدس اشیا کی حفاظت نہیں بلکہ انسانی افعال کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔ اس لیے اس بات کا دارومدار کہ کوئی عمل سیکولر ہے یا مقدس یا روحانی، اس بات پر ہے کہ فاعل یا agent کا کلی نقطۂ نظر کیا ہے۔ اقبال کے الفاظ میں ایک عمل دنیوی یا سیکولر ہے اگر اس عمل کے پس منظر میں زندگی کی ساری پیچیدگی اور تنوع کا ادراک موجود نہیں ہے۔ اور مقدس یا روحانی ہے، اگر اس پیچیدگی یا تنوع کا ادراک، عمل کے پس منظر میں موجود اور اس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کا رہنما ہو۔ اسی لیے ہر ادارہ اپنے دو پہلو رکھتا ہے' مثلاً اگر مملکت کا مقصود ان ابدی اقدار کا حصول ہو جو توحید کے پیچھے کارفرما ہیں یعنی مساوات' انسانی وجود کی صیانت اور آزادی تو ایسی مملکت روحانی ہوگی کیونکہ اس کا مقصد' ان اقدار کو زمانی' مکانی قوتوں میں تبدیل کرنا ہوگا۔ قانون کا مدعا ان اقدار کے حصول کو منظم کرنا ہے اور اسی لیے ایک غیر متبدل قانون' ان اقدار کو زمانی' مکانی قوتوں میں تبدیل کرنے سے قاصر رہے گا۔ ظاہر ہے کہ غیر متبدل اور زمانی مکانی قوتیں باہم دگر متضاد اصطلاحیں ہیں۔ اسلامی فقہی مکاتب پر اقبال کی تنقید ان کے اس مطلب کی وضاحت ہے۔ اگر عراق کے مکتب فکر یعنی حنفی مذہب نے تصور یا notion کو ابدی قرار دیا اور اسی بناء پر ارسطوئی قیاس کو اپنا آلہ یا tool بنایا تو حجازی مذہب یعنی حنبلیوں اور پھر وہابیوں نے منفرد واقعہ یا concrete کو ایک لحاظ سے ابدیت کا حامل قرار دیا کیونکہ ان کی نظر' نظیر یا precedent پر رک گئی۔ اگر ایک مذہب نے قیاس کی بنیاد پر حاصل شدہ فتاویٰ کو ابدی بنا دیا تو دوسرے مذاہب نے مخصوص حالات میں دیئے گئے concrete فیصلوں پر اپنی عمارت قائم کر دی۔ دونوں مذاہب نے ابدیت اور زمانے کے تخلیقی عمل کو نظر انداز کر دیا۔ اسی لیے اقبال کا خیال ہے کہ اسلام کے مقصود اصلی کا ابھی پوری طرح اور مکمل اظہار نہیں ہوا اور یہ مقصود اصلی' ایک ایسی روحانی جمہوریت کا قیام ہے' جس میں فرد' روحانی قدر کا مسکن locus ہے۔ اپنی اس فلسفیانہ بشریت کی بنیاد پر اقبال نے اجماع کے مروجہ تصور اور معیار کو رد کیا کیونکہ یہ تصور فرد کی بجائے ایک گروہ یا مختصر سی جماعت کو آخری قدر و قیمت کا حامل قرار دیتا ہے۔ سرسید نے اجماع کا انکار کیا اور اقبال نے افراد کے ایسے مجموعے یا تنظیم کو جس کی بنیاد arbitrary نہیں ہے' اجماع کا اہل قرار دیا۔ لیکن دونوں کا مشترک نقطہ یہ ہے کہ افراد کے پیش نظر اجتماعی مقاصد کے حصول' مخصوص تاریخی حالات میں جو ایک اعتبار سے عمل کی حد یا limit ہیں ممکن ہو سکے۔

اقبال نے جدیدیت کی اس روایت کو جس کا آغاز سرسید سے ہوا' ایک قابل عمل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فلسفیانہ بنیاد فراہم کی۔ لیکن اس بنیاد کا مطالعہ شعر اقبال میں نہیں، خطبات اقبال میں ممکن ہے۔ ان کے شعر کے فلسفیانہ متن کے رہنما ان کے خطبات ہیں، اس کا عکس نہیں کہ شعر کی روشنی میں خطبات کا مطالعہ ہو۔ آخر میں اس ضمن میں یہ اشارہ ضروری ہے کہ اقبال کا جمالیاتی فنی افق غزل سے آگے تو گیا، لیکن اس حد کو توڑ نہ سکا۔ اسی لیے ان کی شاعری، فلسفیانہ جمال اور جلال تو ضرور رکھتی ہے لیکن فکر کی ترسیل کے لیے وہ روایتی medium میں انقلاب لانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ اسی لیے اقبال کی فکر کے مطالعہ میں اگر صرف شعر ہمارا رہنما ہو تو ہم اضداد کی کشمکش میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور ان کی طرح ہمیں بھی عقیدۂ اضداد کو حل کرنے کی کاوش تڑپاتی رہتی ہے۔[1]

(۱) (بہ شکریہ: پروفیسر عالم خوند میری: کشش اور گریز، حیدر آباد دکن (۱۹۸۵ء) مرتب محمد ظہیر الدین احمد)

© rasailojaraid.com